# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323

ریفرنس نمبر: بی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2024-01(527) مورخہ 06 جنوری 2024

### کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 06 جنوری 2024ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 06 جنوری 2024ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 5۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 6۔ | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 7۔ | جناب محمد جواد بندیشہ | (ممبر) | الفتح اسٹیٹ اینڈ بلڈرز، بہاولپور |
| 8۔ | جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیو سٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:-** سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 02 دسمبر 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 02 دسمبر 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، ہاوس نے ایجنڈا جات اور ان کی تفصیل سے اتفاق کرتے ہوئے منظور کرلیا اور اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

**قرارداد 07/2023-24**

"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 02 دسمبر 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور با اتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"

CamScanner

**ایجنڈا نمبر 2:-** **گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبر شپ کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 02 دسمبر 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 2 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس 15 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**کارپوریٹ کلاس:** 1۔ پرسٹیج ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 2۔ آل آئی ٹی سولیوشنز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔ این سی پی ٹریڈرز، بہاولپور 2۔ تراب ٹریڈرز، بہاولنگر 3۔ فروٹی کینو فوڈز اینڈ بیوریجز، دنیاپور 4۔ علوی ٹریڈرز، بہاولپور

5۔ عثمان موبائل اینڈ اسسریز، حاصل پور 6۔ حسن ٹریڈرز، بہاولپور 7۔ لکی انٹرنیشنل، بہاولپور 8۔ دی رینک سولوشن، بہاولپور

9۔ الخیر موٹرز، بہاولپور 10۔ المزمل ریئل اسٹیٹ، لودھراں 11۔ ایچ ایم طارق ٹیکس لاء ایسوسی ایٹس، ہارون آباد 12۔ پاکستان موٹرز، چشتیاں

13۔ بہاول موٹرز، یزمان 14۔ اشفاق احمد گورنمنٹ کنٹریکٹر، یزمان 15۔ بغدادی مارکیٹنگ، ہارون آباد

ہاؤس نے آنے والی درج بالا تمام نئی ممبر شپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 08/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 02 دسمبر 2023 سے لیکر آج کی میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں آنے والی تمام نئی ممبر شپ جس میں 2 کارپوریٹ کلاس 15 ایسوسی ایٹ کلاس شامل ہیں، بہاولپور چیمبر کی ممبر شپ حاصل کرنے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 3:-** **گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:-** **چولستان ڈیزرٹ جیپ ریلی کے موقع پر بہاولپور چیمبر کی جانب سے ٹریڈ فیئر اور فوڈ کورٹ کے انعقاد پر غور وخوض۔**

صدر چیمبر نے اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چولستان ڈیزرٹ جیپ ریلی کے انعقاد کے حوالے سے لوکل انتظامیہ سے ہماری دو بار میٹنگز کا انعقاد ہو چکا ہے، جس میں لوکل انتظامیہ کا چیمبر سے یہ مطالبہ ہے کہ گذشتہ ادوار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بہاولپور چیمبر اس مرتبہ بھی جیپ ریلی کے موقع پر بہاولپور ٹریڈ فیئر اور فوڈ کورٹ کا انعقاد یقینی بنائے۔ صاحب صدر نے ہاؤس کو یہ بھی آگاہ کیا کہ بہاولپور ٹریڈ فیئر کے منعقد کرنے پر لوکل انتظامیہ اس موقع پر ہر سال کی طرح تمام تر ممکنہ سہولیات بہم پہنچانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ صاحب صدر نے ہاؤس کو یہ بھی آگاہ کیا کہ ٹریڈ فیئر منعقد کرانے کی صورت میں کم وبیش 15 سے 17 لاکھ روپے کا خرچ آئے گا اور یہ خرچہ زیادہ تر چیمبر کے سپانسرز اور اراکین ایگزیکٹو کمیٹی کے باہمی تعاون سے ہی پورا کیا جائے گا اور اگر کچھ اخراجات چیمبر سے کرنے پڑ گئے تو ہاؤس اس کی بھی اجازت دے اور اراکین ایگزیکٹو بہاولپور ٹریڈ فیئر کے انعقاد میں اپنا اپنا کنٹری بیوشن بھی شامل کریں۔ جس پر ہاؤس نے اپنے ملے جلے خیالات کا اظہار کیا۔

**ایجنڈا نمبر 5:-** **ماہ دسمبر 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ دسمبر 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے منظوری پیش کیا۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارہ پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 04 جنوری 2024 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ دسمبر 2023 میں ہونے والے کل اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے غور وخوض ومنظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ دسمبر میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ -/5,57,218 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارہ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور با اتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

CamScanner

قرارداد 24-09/2023

"ہرگاہاؤس ماہ دسمبر 2023 میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-5,57,218 روپے
کی بااتفاق رائے منظوری دیتا ہے اوران اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"

**ایجنڈانمبر 6:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیرغور لائے جانے والے امور۔**

اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل چیمبر نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی جانب سے اراکین چیمبر کو جاری ہونے والے نوٹسز بارے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ جن اداروں کو یہ نوٹسز موصول ہوئے ہیں ان میں سے تقریبا 10 اداروں کی جانب سے ہمیں درخواستیں موصول ہوئی ہیں کہ ہم ریٹل چارجز ادا کرنا چاہتے ہیں تاہم NOC کے حصول کے لیے چارجز انتہائی زیادہ ہیں اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ NOC کا حصول ختم کرایا جائے تاہم رینٹل چارجز ادا کرنے کے پابند ہیں۔جس پرائیز یکٹو رکن جناب عدنان احمد نے بتایا کہ NHA رولز کے مطابق 6 روپے سکیئر فٹ کے حساب سے رینٹل چارجز بنتے ہیں وہ بھی اس صورت میں کہ متعلقہ ادارے NHA کا ایریا استعمال کررہے ہوں لیکن NHA والے ہمارے پورے ایریے کا حساب لگا کر چارجز بنا دیتے ہیں جو کہ سراسر زیادتی ہے۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ہم چند ایک دوستوں نے اس بارے لاہور ہائی کورٹ میں رٹ دائر کی ہوئی ہے اور سٹے آرڈر بھی حاصل کیا ہوا ہے، انہوں نے یہ بھی کہا کہ دیگر ادارے بھی ہائی کورٹ سے سٹے آرڈر حاصل کریں اور چیمبر کو بھی اس بارے میں مداخلت کرنی چاہیے۔جس پر صاحب صدر نے کہا کہ ہمیں ان معاملات پر کوئی مناسب اقدامات کرنے چاہیں۔

چونکہ مزید کوئی نکتہ زیرغور نہ تھا لہذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کو ظہرانے پر مدعو کیا اور کہا کہ آج کا ظہرانہ چیمبر کے سینئر نائب صدر حنیف احمد صاحب کی جانب سے ترتیب دیا گیا ہے۔جس پر ہاؤس نے حنیف احمد صاحب کے اس اقدام پر اظہار تحسین کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

CamScanner